© rasailojaraid.com



# آہ! افضل حق

خان غازی کابلیؒ

عازمِ فردوس جب دنیا سے افضل حق ہوا
مجلس احرار کا سینہ الم سے شق ہوا

دھوپ پھیکی سی نظر آتی تھی اگلی صبح کو
رنگِ روئے مہر بھی اس سانحہ میں فق ہوا

قوم کو تھا ناز جس پر وہ مفکر اٹھ گیا
دانش و علم و ادب کا باغ بے رونق ہوا

اس کی سیدھی چال بھی کرتی رہی غیروں کو زچ
آ گیا فرزیں(۱) جو اس کے سامنے بیدق(۲) ہوا

زندگی میں یوں کیا اس نے بیان زندگی
باب جو اس کا تھا وہ باب حریم حق ہوا

(۱) فرزیں۔ وزیر یا ملکہ۔ شطرنج کے کھیل کا سب سے قیمتی مہرہ لغوی مطلب دانا، صاحبِ بصیرت
(۲) بیدق۔ پیادہ، شطرنج کا سب سے کم قیمت مہرہ



© rasailojaraid.com